# نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন / / اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
Перевод документа на русский язык / یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں

schools.nyc.gov/messagesforfamilies

**10 ستمبر، 2021**

ہم اسکول کے پہلے دن نیویارک شہر کے طلبا کو کلاس روم میں خوش آمدید کرنے کے بے چینی سے منتظر ہیں: **پیر، 13 ستمبر**: براہِ مہربانی ذیل میں آنے والے 2021-22 تعلیمی سال کے بارے میں اہم معلومات کے لیے دیکھیں –اور خاندانوں کے لیے ہماری اسکول واپسی کی جانچ فہرست پر جائیں (schools.nyc.gov/checklist) اس بارے میں مزید تجاویز کے لیے کہ آپ اور آپکے بچے اس خاص دن کے لیے کس طرح تیاری کرسکتے ہیں!

## مندرجات:

- تیار ہونا
- COVID-19 ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ
- آپکے بچے کے اسکول میں

## تیار ہونا

### صحت کی جانچ کا آلہ کار

عمارت میں داخل ہونے سے پہلے ہر روز، ہر طالب علم اور عملے کے رکن کے لیے یہ تصدیق کرنے کے لیے صحت کی جانچ کا فارم مکمل کرنا لازمی ہے کہ وہ COVID-19 کی علامات محسوس نہیں کررہے ہیں، حال ہی میں مثبت ٹسٹ نہیں آیا ہے، اور کسی انفیکشن والے شخص سے سامنا ہونے کے نتیجے میں انہیں فی الوقت کوارنٹین کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ہم تجویز کریں گے کہ آپ اپنی ڈیوائس پر healthscreening.schools.nyc کو بُک مارک کرلیں تاکہ آپ ہر روز اپنے بچے کو اسکول بھیجنے سے پہلے فارم کو مکمل کرلیں۔

یاد رکھیں، اگر آپکا بچہ بیمار محسوس کررہا ہے، انہیں اسکول نہ بھیجیں۔ ہم آپکے بچے اور اپنی اسکول برادریوں کو صحتمند اور محفوظ رکھنا چاہتے ہیں، اور ہمیں سب کو اپنے حصے کا کام کرنا چاہیئے۔

### نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ سے رابطے میں رہیں

محکمئہ تعلیم اور اپنے اسکول کی جانب سے اہم اعلانات، بشمول اسکول بند ہونے اور آپ کے ضلع میں یا شہرپیما سرگرمیوں کے انعقاد سے برمحل انداز میں باخبر رہیں! ایک **نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ** کے ساتھ، آپ اپنی رابطے کی معلومات کی تجدید کرسکتے ہیں، اہم اسکول

فارمز آن لائن مکمل کرسکتے ہیں، اپنے بچے کے گریڈز، شیڈولز، امتحان کے اسکورز، تفویض کردہ ذرائع نقل وحمل، حاضری اور مزید دیکھ سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے ذیل پر جائیں: schools.nyc.gov/nycsa

**اپنے بچے کے لیے ایک جدید ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم جمع کروائیں**

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کے لیے اسکول میں ٹیسٹنگ پروگرام میں حصہ لینے کے لیے اجازت فراہم کریں۔ اپنے بچے کے لیے تجدید کردہ ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) کو استعمال کرتے ہوئے schoolsaccount.nyc پر یا فارم کو schools.nyc.gov/covidtesting سے ڈاون لوڈ کریں اور اپنے بچے کے اسکول کو مکمل شدہ پرنٹ کردہ فارم فراہم کریں۔

پچھلے تعلیمی سال میں جمع کروائے گئے ٹیسٹنگ کی اجازت کے فارم 30 ستمبر، 2021 کوغیرموثر ہوجائیں گے۔ اگر آپ نے پہلے اجازت فراہم کی تھی، آپکے بچے کو اس ماہ اسکول میں ٹیسٹنگ پروگرام کے تحت ٹیسٹ کیا جاسکتا ہے— تاہم، اس بقایا تعلیمی سال کے دوران ٹیسٹنگ پروگرام میں حصہ لینے کے لیے آپکو ایک نیا اجازت کا فارم جمع کروانا لازمی ہے۔

**اہل خانہ کے لیے مزید وسائل**

جب آپ اسکول کے پہلے دن کے لیے تیاری کریں، براہِ مہربانی تعلیمی سال 22-2021 کے لیے تازہ ترین معلومات کے واسطے ہماری ویب سائٹ پر جانا یقینی بنائیں: schools.nyc.gov/homecoming

آ گے کیا ہو گا؟ schools.nyc.gov/checklist پر آپ کو **خاندانوں کے لیے اسکول واپسی کی جانچ فہرست** ملے گی ان اقدامات کے ساتھ جو آپ تعلیمی سال کے ایک مضبوط اغاز کے لیے تیار ہونے کے واسطے لے سکتے ہیں۔

## COVID-19 ویکسینیشن اور ٹیسٹنگ

**ویکسینیشن**

ویکسین لگوانا اہم ترین قدم ہے جو آپ اپنے آپکو اور اپنے خاندان کو محفوظ رکھنے کے لیے لے سکتے ہیں۔ نیویارک کے 12 سال اور زائد عمر کے مکین اب COVID-19 ویکسین موصول کرنے کے اہل ہیں۔

نیو یارک شہر ٹسٹ اینڈ ٹریس کارپس اور نیویارک شہر محکمئہ صحت اور دماغی صحت (DOHMH) کی شراکت میں، تمام اسکول مقامات جو 12 سال یا زیادہ عمر کے طلبا کو خدمات فراہم کرتے ہیں Pfizer-BioNTech ویکسینیشن اہل نیو یارک شہریوں کو اسکول کے پہلے ہفتے میں پیش کرر ہے ہیں تاکہ ویکسین لگوانے اور محفوظ رہنے کو جتنا ممکن ہو آسان بنایا جاسکے۔ (دوسری خوراکیں اکتوبر کے شروع میں فراہم کی جائیں گی۔) ان سائٹس کے لیے کوئی طے شدہ وقت لینا درکار نہیں ہے۔ آپ سائٹ کے اوقات کے بارے میں اپنے اسکول سے مزید جان سکتے ہیں یا schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔

**ویکسین کے مطلوبات ان اہل طلبا کے لیے جو زیادہ خطرے والی غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں**

**پبلک اسکول کھیلوں کی لیگ (PSAL) ویکسینیشن کی پالیسی**

بطور یاددہانی، COVID-19 ویکسینیشن اس سال محکمئہ تعلیم کے طلبا اور عملے کے لیے **لازمی** ہوگی جو اسکول کھیلوں کی لیگ (PSAL) کے کھیلوں میں حصہ لیں گے جنہیں COVID-19 کی ممکنہ منتقلی کے لیے زیادہ خطرہ سمجھا جاتا ہے۔ زیادہ خطرے والے کھیلوں میں فٹ بال، والی بال، باسکٹ بال، کُشتی، لَیکروس، اسٹنٹ اور رگبی شامل ہیں۔ ویکشینیشن باولنگ میں حصہ لینے کے لیے بھی مطلوب ہوگی کیونکہ اگرچہ یہ کھیل زیادہ خطرے والا نہیں ہے، یہ جس مقام پر کھیلا جاتا ہے وہ ویکسینیشن کا مطالبہ کرتا ہے۔

موسم خزاں کے زیادہ خطرے والے کھیلوں کے شرکاء کو COVID-19 کی پہلی خوراک مقابلے کے کھیل کے پہلے دن تک لینا ضروری ہے، جو مختلف کھیلوں کے لیے الگ ہے۔ سردی اور بہار میں PSAL شرکاء کے لیے سیزن کے آغاز تک مکمل ویکسین لگوا لینا لازمی ہے۔ **تعلیمی سال**

2021-22 میں کے لیے صحت اور حفاظت کے باضابطہ انتظامات کے بارے میں اضافی معلومات کے لیے براہِ مہربانی schools.nyc.gov/PSAL پر جائیں۔

**غیر نصابی سرگرمیاں ویکسینیشن پالیسی**
مرکز برائے بچاو اور انسداد بیماری (CDC) اور ریاست کے رہنما خطوط کی تعمیل میں، COVID-19 ویکسینیشن اس سال ان طلبا کے لیے مطلوب ہوگی جو کم از کم 12 سال کے ہیں اور اسکول بعد غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں جو COVID-19 کی ممکنہ منتقلی کے زیادہ خطرے والے سمجھے جاتے ہیں۔

زیادہ خطرے والی اسکول بعد سرگرمیوں میں شامل ہیں:

- کوررس
- میوزیکل تھیٹر
- رقص / رقص ٹیم
- بینڈ / آرکسٹرا / مارچنگ بینڈ
- چئیر لیڈنگ / اسٹیپ ٹیم / فلیگ ٹیم

براہِ مہربانی ان سرگرمیوں میں حصہ لینے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

**محکمئہ تعلیم (DOE) ویکسینیشن پورٹل**
آپ اپنے بچے کے ویکسینیشن کارڈ یا این وائی سی ایکسلزئر پاس کی ایک تصویر محکمئہ تعلیم کے ویکسین پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں: vaccine.schools.nyc اس معلومات کو جمع کروانے سے نیویارک شہر کو عالمی وبا کے سدِباب کرنے اور بحالی کی کوششوں میں معاونت ملے گی اور اسے یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ ہماری اسکول برادریاں محفوظ اور صحتمند جگہیں رہیں۔

**اسکولوں میں COVID-19 ٹیسٹنگ**
سابقہ تعلیمی سال میں متعارف کروائے گئے حفاظتی اقدامات کو جاری رکھتے ہوئے، ہم گریڈز 1 سے 12 تک عملے اور طلبا کی باقاعدہ COVID ٹیسٹنگ انجام دیں گے۔ اس طرح، اگر کوئی مثبت کیس ہوا تو اسکول برادری کو محفوظ رکھنے کے لیے فوری اقدام لیے جاسکتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، آپکے بچے کو اسکول میں ٹیسٹنگ پروگرام میں شام کرنے کے لیے، آپکواپنے بچے کے لیے اسکے اسکول میں **ایک جدید ٹیسٹنگ کی اجازت کا فارم جمع کروانا لازمی ہے۔**

- آپ یہ فارم اپنا نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) استعمال کرتے ہوئے بھی مکمل کرسکتے ہیں: schoolsaccount.nyc
- آن لائن فارم ڈاون لوڈ کریں:schools.nyc.gov/covidtesting
- آپکے پاس نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) نہیں ہے؟ مزید جانیئے: schools.nyc.gov/NYCSA

## آپکے بچے کے اسکول میں

### ملاقاتیوں کی حفاظت

**ملاقاتیوں کے لیے اسکول پالیسی**
پیر، 13 ستمبر سے موثر، محکمئہ تعلیم کی اسکول عمارتوں میں آنے والے تمام ملاقاتیوں کو عمارت میں داخل ہونے کے لیے COVID-19 ویکسینیشن (1 خوراک) کا ثبوت فراہم کرنا لازمی ہے، ماسوا کسی ہنگامی صورتحال کے۔ یہ ثبوت کئی طریقوں سے فراہم کیا جاسکتا ہے۔ عمارت میں داخل ہونے کے لیے، لازمی ہے کہ ملاقاتی:

- شناخت دکھائے،
- ویکسینیشن کا ثبوت رکھتا ہو،

- روزانہ صحت کی جانچ کا فارم مکمل کرے، اور
- چہرے کا ماسک پہنیں۔

اسکول کے پہلے دن، 3K/ پری کنڈرگارٹن والدین، چھوٹے گروپس میں، اسکول کے پہلے دن ویکسینیشن کا ثبوت دکھائے بغیر اپنے بچوں کو کلاس روم میں لے جا سکیں گے اور ان کے ساتھ تھوڑی دیر کے لیے ٹھہر سکیں گے۔ دیگر مطلوبات کا اطلاق ہوگا۔ براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/2021health دیکھیں۔

**والدین - اساتذہ کانفرنسیں**

تعلیمی سال 22-2021 کے لیے پہلی والدین اساتذہ کانفرنس 2021 کی خزاں میں منعقد ہوگی۔ سابقہ تعلیمی سال کی مانند، ہماری اسکول برادریوں کے تحفظ کی خاطر، تعلیمی سال 22-2021 میں تمام والدین اساتذہ کانفرنسیں ریموٹلی منعقد کی جائیں گی۔ آپکے بچے کا اسکول اپنی والدین اساتذہ کانفرنسوں کی مخصوص تاریخ اور وقت کے بارے میں آپ سے رابطہ کرے گا۔

**فیس کورنگ (ماسک)**

چہرے کو ڈھانپنا یا ماسک پہننا ہماری اسکول برادریوں کو محفوظ رکھنے کی سب سے اہم حکمت عملی ہے۔ جیسا کہ نیویارک ریاست محکمئہ صحت کی جانب سے حکم دیا گیا ہے، تمام طلبا اور عملے کے لیے اسکول بسوں میں سفر کرتے وقت اور اسکول کی املاک پر کہیں بھی، اندر اور باہر، ویکسینیشن کی صورتِ حال سے قطع نظر چہرے پر ماسک پہنا لازمی ہے، تاوقتیکہ انکے پاس ایک طبی استثنا ہو۔ وہ طلبا جو طبی طور پر ماسک پہننا برداشت نہیں کرسکتے انہیں متبادل سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ہم آپکے تعاون کے شکرگزار ہیں اپنے طالب علم کو ہر روز اسکول کے لیے چہرے کا ماسک پہننا یاد دلانے کے لیے۔ اپنا ماسک بھول گئے ہیں یا ایک متبادل درکار ہے؟ ہم آپکے بچے کو ایک ماسک فراہم کرنا یقینی بنائیں گے۔